روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | سوموار، ۱۳ / اپریل ۲۰۲۶ء

# جسٹس یشونت ورما کا استعفیٰ ہندستانی عدلیہ کے سیاہ باب

جسٹس یشونت ورما جو الہ آباد ہائی کورٹ کے جج تھے انہوں نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیدیا ہے ان کی دہلی کے ایک بنگلے میں آگ لگی تھی اور اس آتشزدگی میں اس کے بنگلے کے مختلف کمرے جو آگ کی زد میں آئے تو فائر بریگیڈ کے عملے نے سخت جدو جہد کے بعد آگ پر قابو پالیا تھا، لیکن ان کے بنگلے کے ہر کمرے کے بستر کے نیچے کروڑوں روپئے کے کرنسی نوٹ برآمد ہوئے جو جل کر برباد ہو گئے تھے، ویسے کروڑوں روپئے جلنے سے بچ گئے تھے۔ جسٹس یشونت ورما کا وہ بنگلہ خالی تھا کیونکہ وہ الہ آباد کے سرکاری الاٹمنٹ کئے گئے بنگلے میں رہتے تھے۔ ایک ہائی کورٹ کے جج کے خالی کمروں کے بستروں کے نیچے کروڑوں کروڑ کے کرنسی نوٹ پائے جانے پر پورے ملک میں تہلکہ مچ گیا تھا جس کے بعد سپریم کورٹ نے اسے اپنے عہدے سے استعفیٰ دینے کے لئے کہا اور یہ بھی کہا کہ وہ اتنے برسوں سے الہ آباد ہائی کورٹ کے جج رہے لہذا ان کے فیصلہ صادر کئے گئے تمام کیسوں کی تفصیل سپریم کورٹ میں لائی جائے اور اس سے پہلے جج کو اپنے عہدے سے استعفیٰ دینا پڑے گا کیونکہ ان کے جج کے عہدے میں رہتے ہوئے اگر انہیں ان کے کئے کی سزا سنائی گئی تو یہ ہندستانی عدلیہ کے لئے انتہائی شرمناک ہوگا۔ لیکن جسٹس ورما اس قدر بے حیا نکلے کہ انہوں نے اپنے استعفیٰ دینے سے انکار کردیا تھا کیونکہ انہیں اندازہ تھا کہ جب تک وہ جج کے عہدے پر فائز ہیں اس وقت تک انہیں کوئی سزا سنائی نہیں جاسکتی۔ لہذا سپریم کورٹ میں ان کے کیس کی سماعت ہونے والی تھی جس میں ان پر لعنت ملامت کی جاتی جس کے بعد انہیں ہر حال میں مستعفی ہونا پڑتا، لیکن ہندستانی عدلیہ کا وہ پہلا واقعہ ہوتا جب ہائی کورٹ کے ایک جج کو بھری عدالت میں لعنت ملامت کی جاتی، اور اس صورت حال سے پریشان جسٹس ورما نے اپنا استعفیٰ لکھ مارا اور اسے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو بھجوادیا۔ اور اس کی ایک کاپی چیف جسٹس آف انڈیا سوریہ کانت کو بھجوادیا۔ ہندستان میں اب تک کسی بھی جج کی لعنت ملامت نہیں ہوئی ہے لیکن مودی راج میں یہ بھی دیکھنے کو مل جاتا اور اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کو لازم ہے کہ وقت رہتے الہ آباد ہائی کورٹ کے دوسرے ججوں کی بھی اسکریننگ کرائے تا کہ پتہ چلے کہ یوگی راج اور مودی راج میں کتنے جج کے عہدے کو اسی طرح سے بدنام کر رہے ہیں۔ جسٹس ورما نے اپنے استعفیٰ نامہ میں یہ بھی لکھا کہ "میں سپریم کورٹ پر مزید بوجھ بننا نہیں چاہتا لہذا میں اپنا استعفیٰ پیش کر رہا ہوں اور مجھے اپنا استعفیٰ لکھتے ہوئے بے حد افسوس اور ملال ہوا ہے کہ میں الہ آباد ہائی کورٹ کے جج کی حیثیت سے اپنا استعفیٰ پیش کر رہا ہوں۔ یہ صورتحال اس وقت پیدا ہوئی جب پارلیمنٹ میں ان کے خلاف لعنت ملامت کی تحریک شروع ہونے والی تھی جب انہوں نے سپریم کورٹ کے دیئے گئے فیصلے کو دو دو مرتبہ چیلنج کرنے کی کوشش کی تھی۔ ان کے خلاف ایک رٹ پٹیشن اگست 2025 میں ڈسمس کردی گئی تھی۔ 16 جنوری کو سپریم کورٹ نے پارلیمنٹ کو اس کی اجازت دیدی تھی کہ وہ جسٹس ورما کے خلاف پارلیمنٹ میں لعنت ملامت کی تحریک لائے لیکن اس لعنت ملامت کی تحریک کو بھی اسپیکر اوم برلا پر منحصر ہے کہ وہ اس قسم کی کوئی تحریک لانے کی اجازت دیں۔ 21 جولائی کو تقریباً 100 ممبران پارلیمنٹ نے جسٹس ورما کے خلاف تحریک لانے پر زور دیا تھا لیکن جسٹس ورما نے اسپیکر کے فیصلے کو عدالت میں چیلنج کردیا تھا جنہوں نے ایک کمیٹی کو اس کی اجازت دی تھی کہ وہ پورے طور پر جسٹس ورما کے بارے میں چھان بین کرے اور اس کی مفصل رپورٹ ان کو پیش کی جائے۔ اتفاق کی بات یہ ہے کہ جس وقت 100 ممبران لوک سبھا نے جسٹس ورما کے خلاف تحریک لانے پر زور دیا تھا اسی دن 50 راجیہ سبھا ممبروں نے بھی اس پر زور دیا تھا کہ وہ جسٹس ورما کے خلاف چھان بین کرانے کی حمایت کرتے ہیں۔ اس وقت کے چیئر مین راجیہ سبھا نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ سے کہا گیا تھا کہ اس معاملے میں وہ پیش رفت کرائیں۔ جسٹس ورما نے تشکیل شدہ انکوائری کمیٹی کو عدالت میں چیلنج کردیا تھا اور کہا تھا کہ راجیہ سبھا کے چیئر مین کی منظوری کے بغیر چھان بین کرنے والے اس کمیٹی کو وہ تسلیم نہیں کرتے۔ پھر گزشتہ سال 7 اگست کو سپریم کورٹ نے جسٹس ورما کے پٹیشن کو ڈسمس کردیا اور تین رکنی چھان بین کمیٹی کی تشکیل کی جس کے بعد جسٹس ورما کا استعفیٰ سامنے آیا۔ (خ الف ف)

# تاریخ شاہد ہے کہ اسرائیل امن کا دشمن اور دہشت گردی کا حامی ہے... سہیل انجم

ایران پر امریکہ و اسرائیل کے بلا جواز حملوں نے پوری دنیا کو جس طرح مصائب میں گرفتار کیا ہے اس کی مثال کم ہی ملے گی۔ امریکہ اور اسرائیل کا الزام ہے کہ ایران یورینیم کی افزودگی کر رہا ہے اور وہ ایٹم بنا رہا ہے۔ لہٰذا وہ امریکہ اور اسرائیل سمیت پوری دنیا کے لیے خطرہ ہے۔ امریکہ نے برسوں قبل ایران پر اقتصادی پابندیاں عاید کیں جس کے نتیجے میں اس کی معیشت تباہ و برباد ہوگئی۔ امریکہ نے دنیا بھر کے بینکوں میں جمع شدہ ایران کے مالی اثاثے کو بھی منجمد کردیا۔ لہٰذا ملک میں بے روزگاری عام ہوگئی۔ حالانکہ ایران ایٹم بم بنانے کے الزام کی تردید کرتا رہا ہے۔ بہر حال اس معاملے پر امریکہ اور ایران میں مذاکرات چل رہے ہیں جن میں عمان ثالث کا کردار ادا کر رہا تھا۔ ایران نے امریکہ کی بہت سی شرائط تسلیم کرلی تھیں۔ یہاں تک کہ اس نے ساڑھے تین ہزار کلو گرام یورینیم امریکہ کے حوالے کرنے پر بھی رضامندی ظاہر کر دی تھی۔ عمان نے بیان دیا کہ جلد ہی امریکہ اور ایران میں معاہدہ طے پا جائے گا۔ لیکن اسی درمیان 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل نے ایران پر حملہ کردیا۔ اسرائیل کے کہنے پر امریکہ نے احمقانہ قدم اٹھالیا۔ لہٰذا ایک خطرناک جنگ شروع ہوگئی۔ حالانکہ امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس اس جنگ کے حق میں نہیں تھے۔ انھوں نے بیان بھی دیا کہ اسرائیل نے امریکہ کو اس جنگ میں پھنسایا ہے۔ چالیس روز تک چلنے والی اس جنگ کے نتیجے میں دنیا میں ہاہا کار مچ گیا۔ تیل اور گیس کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں۔ پوری دنیا میں ان کی قلت ہوگئی۔ جنگ سے امریکہ، ایران اور اسرائیل میں زبردست تباہی ہوئی۔ اس سلسلے کی تمام تفصیلات میڈیا میں موجود ہیں اور قارئین ان سے واقف ہیں۔ بہر حال قصہ مختصر یہ کہ امریکہ اور ایران میں جنگ بندی ہوگئی۔ جنگ بندی کے لیے ایران نے جو شرائط رکھی تھیں ان میں لبنان میں جنگ بندی بھی شامل تھی۔ لیکن اسرائیل نے اسے نہیں مانا اور سیز فائر کے فوراً بعد ہی لبنان پر اتنے حملے کیے کہ ملک کا بہت بڑا حصہ نیست و نابود ہوگیا۔ دس منٹ کے اندر سو بم گرائے گئے۔ تین سو کے آس پاس افراد ہلاک ہوئے اور کئی سو زخمی ہوگئے۔ اسرائیل کے اس قدم نے پوری دنیا میں ایک بار پھر تشویش کی لہر دوڑا دی اور ایسا سمجھا جانے لگا کہ پندرہ دنوں کے لیے ہونے والا سیز فائر ٹوٹ جائے گا۔ لیکن بہر حال پاکستان میں امریکہ اور ایران کے مابین مذاکرات ہوئے۔ دراصل اسرائیل سیز فائر کے حق میں نہیں تھا۔ وہ چاہتا ہے کہ ایران کا وجود مٹ جائے۔ ایران بھی چاہتا ہے کہ دنیا اسرائیل کے وجود سے پاک ہو جائے۔ بنجامن نیتن یاہو نے اسی لیے لبنان پر اتنے حملے کیے تا کہ ایک تو سیز فائر ٹوٹ جائے اور دوسرے ایک بار پھر جنگ شروع ہو جائے۔ لیکن بہر حال اس کی یہ خواہش سردست پوری ہوتی نظر نہیں آرہی ہے۔ یہ کوئی پہلا موقع نہیں ہے جب اسرائیل نے کسی بھی امن مشن کو ناکام بنایا ہے۔ یہ اس کی تاریخ رہی ہے۔ وہ دہشت گردی میں ملوث رہا ہے اور امریکہ کی پشت پناہی میں دہشت گردانہ وارداتیں انجام دے کر ایک طرف اہل فلسطین کا قتل عام کرتا رہا ہے اور دوسری طرف پوری دنیا کے مسلمانوں کو ذہنی اذیت میں مبتلا کرتا رہا ہے۔ آیئے اسرائیل کی تاریخ پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ جب ہم اس کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو پاتے ہیں کہ وہ کوئی بہت زیادہ قدیم نہیں ہے۔ برطانیہ نے 1917 میں ترکوں کو شکست دے کر فلسطین پر قبضہ کرلیا اور وہاں یہودیوں کے لیے ایک الگ وطن کے قیام کی باضابطہ مہم شروع ہوگئی۔ اس نے 1939 میں وائٹ پیپر جاری کر کے 1940 سے 1944 کے درمیان ہر سال وہاں دس ہزار یہودیوں کو آباد ہونے کی اجازت دے دی۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ اس نے ہنگامی حالات میں پچیس ہزار یہودیوں کے نقل مکانی کی بھی اجازت دے دی۔ لیکن اس کے بعد یہودی ریاست کے قیام کی جدو جہد دہشت گردی میں بدل گئی۔ نتیجتاً 14 مئی 1948 کو ایک یہودی رہنما ڈیوڈ بن گورین نے اسرائیل کی آزادی کا اعلان کردیا۔ وہ کٹر یہودی قوم پرست تھا۔ آزادی کے اعلامیہ پر دستخط کرنے والا وہ پہلا شخص تھا۔ وہ فلسطین میں یہودیوں کا عملی سربراہ بن گیا۔ اسے اسرائیل کا بانی کہا جاتا ہے۔ وہ اسرائیلی ریاست کا پہلا وزیر اعظم اور پہلا وزیر دفاع ہوا۔ وہ 1963 میں سرکاری ذمہ داریوں سے علیحدہ ہوا اور 1970 میں سیاست سے سبکدوش ہوگیا۔ اس درمیان اقوام متحدہ نے یہودی اور عرب ریاستوں کے قیام کی باقاعدہ منظوری دے دی۔ اس طرح اس کو عالمی سطح پر جواز عطا کردیا گیا اور امریکہ نے فوراً اسے تسلیم کرلیا۔ ان واقعات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ایک عالمی سازش کے تحت سرزمین فلسطین پر عرب دشمن اسرائیل نامی خاردار اور زہریلے پودے کو کھاد پانی دے کر ایک تناور درخت بنادیا گیا۔ برطانیہ نے دنیا بھر کے یہودیوں کو لا کر فلسطین میں بسایا اور ان کی ایک پرائیویٹ فوج بنوائی۔ اقوام متحدہ کے ذریعے ان کو فلسطین کا 65 فیصد علاقہ دلوا دیا گیا۔ یہودیوں نے 1948 کی خانہ جنگی میں فلسطین کے 87 فیصد علاقے پر قبضہ کر لیا۔ پھر 1967 میں اس قبضے کو اور توسیع دی گئی۔ اسرائیل اور پی ایل او کے رہنما یاسر عرفات کے درمیان ہونے والے اوسلو معاہدے کے تحت فلسطینیوں نے صرف 22 فیصد علاقے میں اپنی حکومت بنانے کی بات قبول کر لی۔ لیکن اسرائیل عملاً اس کے لیے بھی تیار نہیں تھا۔ اسرائیلی ہٹ دھرمی کے خلاف فلسطینیوں نے مزاحمت شروع کر دی۔ ادھر اسرائیل نے فلسطین کو ایک کھلی جیل میں بدل کردیا۔ انتخابات کے نتیجے میں مزاحمتی گروپ حماس نے غزہ میں کامیابی حاصل کی اور اپنی حکومت قائم کی۔ جبکہ مغربی پٹی پر محمود عباس کے الفتح گروپ نے حکومت بنائی۔ دنیا میں جہاں کہیں بھی اگر کوئی گروپ انتخابات کی بنیاد پر برسر اقتدار آتا ہے تو اسے تسلیم کیا جاتا ہے۔ لیکن مغربی طاقتوں نے حماس کو ایک دہشت گرد تنظیم قرار دے کر اس کی حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ حالانکہ وہ دہشت گرد نہیں بلکہ ایک مزاحمتی تحریک ہے۔ ادھر اسرائیل نے فلسطینیوں پر اپنے مظالم کی انتہا کر دی۔ ان پر طرح طرح کی پابندیاں عائد کر دی گئیں۔ جس نے بھی آواز اٹھائی اسے جیل میں ڈال دیا گیا جہاں اذیت کی انتہا ہونے لگی۔ غرضیکہ فلسطینیوں کا جینا دوبھر ہوگیا۔ مجبور ہو کر حماس نے سات اکتوبر 2023 کو اسرائیل پر ایک منظم حملہ کر دیا۔ اس حملے کے پیچھے اسرائیلی ظلم و بربریت کی ایک لمبی داستان ہے۔ فلسطینی مزاحمت کو بین الاقوامی قانونی حمایت حاصل ہے۔ بین الاقوامی قانون کے تحت مقبوضہ علاقے کے لوگوں کو ایک طرف تو مزاحمت کا پورا حق حاصل ہے اور دوسری طرف قابض طاقت کو کسی بھی طرح کی کارروائی کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ اس کے باوجود اسرائیل نے ظلم و زیادتی کی ساری حدیں پار کر دیں۔ بچوں اور عورتوں سمیت لاکھوں لوگوں کو قتل اور زخمی کیا گیا۔ سیکڑوں مسجدیں شہید کر دی گئیں۔ دسیوں چرچ تباہ کر دیے گئے۔ تمام اسپتال نیست و نابود کر دیے گئے۔ سینکڑوں اسکول تباہ ہو گئے اور غزہ کی تمام گیارہ یونیورسٹیوں کو زمین بوس کر دیا گیا۔ وہاں کے لوگوں کے لیے کھانا، پانی، بجلی اور ادویات کا باہر سے آنا بھی بند کر دیا گیا جس کی وجہ سے وہاں بھکمری کی حالت ہے اور مختلف قسم کی بیماریاں پھیل گئی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج دنیا کے اکثر ممالک اور قومیں اسرائیل کے خلاف اٹھ کھڑی ہوئی ہیں۔ دسیوں ملکوں نے اسرائیل سے سفارتی تعلقات توڑ لیے ہیں یا سفیر واپس بلا لیے ہیں۔ بہت سے ممالک نے فلسطین کو ایک باقاعدہ ملک کے طور پر تسلیم کرلیا ہے اور ایک درجن سے زیادہ ملکوں نے اسرائیل کے خلاف بین الاقوامی عدالت میں نسل کشی کا کیس دائر کر دیا ہے۔ یہی نہیں بلکہ بین الاقوامی عدالت کی طرف سے اسرائیل کے وزیر اعظم نیتن یاہو اور سابق وزیر دفاع گالانٹ کے خلاف انٹرنیشنل گرفتاری وارنٹ بھی جاری ہو چکا ہے۔ کئی ملکوں نے اعلان کیا ہے کہ اگر وہاں نیتن یاہو گئے تو انھیں گرفتار کر لیا جائے گا۔ صہیونی افواج اہل غزہ پر جو مظالم ڈھا رہی ہیں ان کی مثال بہت کم ملے گی۔ بچی کھچی غزہ کی آبادی لولی لنگڑی اور معذور ہو چکی ہے۔ ستم رانی کی انتہا ہے کہ معصوم بچوں کی لاشیں بھی اسرائیل اور اس کے حامیوں کے دلوں کو افسردہ نہیں کر پاتیں۔ ایسا لگتا ہے کہ اب انسانیت کے سینے میں دل نہیں رہا۔ اگر دل ہے بھی تو وہ پتھر کا بن چکا ہے۔ یوکرین میں بچوں کے ایک اسپتال پر بمباری ہوئی تو پوری دنیا چیخ اٹھی۔ لیکن ہزاروں فلسطینی بچوں کے قتل عام سے دنیا کا ضمیر بیدار نہیں ہوا اور اس کے معمولات میں کوئی فرق نہیں آیا۔ یہ تفصیلات اس بات کی شہادت دینے کے لیے کافی ہیں کہ اسرائیل کا وجود دہشت گردی کا مرہون منت ہے۔ اس کی پوری تاریخ دہشت گردی سے عبارت ہے۔

☆

## رنگِ چمن

# ایس آئی آر کا مرحلہ مکمل ہوا لیکن........؟

**افضال انصاری**

مغربی بنگال میں ایس آئی آر (SIR) کی کاروائی پوری ہوگئی۔ یہ 4 نومبر 2025 میں شروع ہوئی اور 5 اپریل 2026 کو ختم ہوئی مگر اس میں ایک سوالیہ نشان لگ گیا ہے کہ یہ کہاں تک درست ہے۔ بے شمار ووٹر ایسے ہیں جن کے نام کٹ گئے۔ ان میں ہر عمر، طبقہ اور فرقے کے لوگ شامل ہیں۔ ان میں وہ بھی ہیں جنھوں نے پہلے کئی بار پارلیمنٹ اور اسمبلی کے انتخابوں میں ووٹ دیا مگر اس ایس آئی آر میں انہوں نے اپنا یہ جمہوری اور دستوری حق کھو دیا۔ ایک ہی گھر اور خاندان میں کسی کا نام ووٹر لسٹ (Voter List) میں ہے تو کسی کا نہیں ہے۔ والدین کے ہیں مگر بیٹے اور بیٹی کے کٹ گئے۔ کہیں اولاد کے نام ہیں تو ماں باپ کے خارج ہو گئے۔ ایسا کیوں اور کیسے ہوا یہ وضاحت آج تک سامنے نہیں آئی۔ جن کے نام نہیں آئے وہ اس کی بحالی کیلئے کافی فکر مند اور اندیشے میں ہیں۔ وہ اپیل دائر کرنے کیلئے لازمی دستاویزوں کے ساتھ ٹریبونل آفس کے باہر صبح سے لائین میں کھڑے رہتے ہیں۔ ٹریبونل میں ان ووٹروں کے معاملے زیر غور ہیں جن کے نام نہیں آئے۔ پچھلے 24 مارچ سے 2 اپریل کے درمیان 8 ضمیمے (Supplementary) شائع ہوئے اور ہر ایک کے آخر میں یہ ذکر ہے کہ جن کے نام خارج ہوئے ہیں وہ 15 دن کے اندر اپیل دائر کر سکتے ہیں۔ اپیل آف اور آن لائین دونوں صورتوں میں ہوسکتا ہے۔ 15 روز کی مہلت سب کیلئے یکساں ہے اور اس تاریخ سے جوڑی جائے گی جس تاریخ کو ضمیمہ شائع ہوا تھا۔ اس حساب سے 24 مارچ کے درخواست گذاروں کی اپیل کی آخری تاریخ 7 اپریل جب کہ 2 تاریخ والوں کی 15 اپریل ہے۔ ٹریبونل میں اپیل منظور ہوا تو نام بحال ہوجائے گا اور وہ ووٹر ہو جائیں گے لیکن اس الیکشن میں وہ اپنا حق استعمال نہیں کر سکتے۔ جب فہرست اپ ڈیٹ (Up-date) ہوگی تو نام شامل ہو جائے گا۔

الیکشن کمیشن نے مغربی بنگال کے تمام 294 حلقوں کے ووٹر لسٹ کو منجمد (Freeze) کردیا ہے۔ اب ان میں ایک بھی نیا نام داخل نہیں کیا جا سکتا۔ جن 152 حلقے میں الیکشن پہلے مرحلے یعنی 23 اپریل کو ہے ان کی فہرست 6 اپریل کو منجمد ہوئی اور جن 142 سیٹ میں 29 کو ہے وہاں 9 اپریل کو کی گئی۔ انتخابی فہرست مکمل ہے اور اب کسی کا نام نہ چڑھے گا اور نہ کٹے گا۔ دونوں مرحلوں کے انتخابات ان پر ہی ہوں گے۔ ہر حلقے کی فہرست میں جن کے نام ہیں صرف انہیں ووٹ دینے دیا جائے گا اور جن کے نہیں ہیں وہ 2026 کے انتخاب میں اپنا دستوری حق استعمال کرنے سے محروم رہ جائیں گے۔ ووٹر لسٹ کے منجمد کرنے کو لے کر سپریم کورٹ میں مقدمہ دائر کیا گیا ہے جس کی سماعت سوموار 13 اپریل کو ہے۔

ووٹر لسٹ کے جائزے سے یہ سچائی سامنے آتی ہے کہ بنگال کے مسلمانوں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ سب سے زیادہ نام ان کے ہی کٹے ہیں۔ یہ محشر مرشدآباد اور مالدہ میں سب سے زیادہ برپا ہوا ہے کہ ہمیں ووٹ نہیں دیتے تو حق رائے دہندگی سے محروم کردو۔ پھر دیکھیں گے کہ کس کا پلہ بھاری ہوتا ہے۔

اس دستوری حقیقت (Constitutional Fact) سے ہر کوئی واقف ہے کہ ووٹ صرف وہ دے سکتا ہے جن کے فہرست میں نام ہیں۔ اس میں کوئی تحریف نہیں ہوسکتی۔ جن کے نام نہیں آئے وہ بہت مایوس اور مرجھائے ہوئے ہیں۔ ان کی دل شکستگی کا یہ عالم ہے کہ انہیں یقین نہیں آتا کہ ان کا ووٹ دینے کا حق چلا گیا۔ ظاہر ہے جس نے ہر الیکشن میں ووٹ دیا اور کبھی کسی رکاوٹ کا سامنا نہیں کیا وہ اس تلخ سچائی کو کیسے مان لے۔ ان کی امید پر تو بجلی گر گئی۔ وہ بے بسی کے احساس میں مبتلا ہیں۔ اگر صرف ووٹ دینے کی بات ہوتی تو خود کو سمجھا لیتے لیکن یہاں تو معاملہ کچھ اور ہے۔ جن کے نام نہیں آئے انہیں گھس پیٹھیے قرار دے کر ملک چھوڑنے کا کہا جا رہا ہے۔ بی جے پی کے بنگال کے سابق صدر دلیپ گھوش نے انہیں وطن دشمن کہا ہے گویا انتخابی فہرست میں نام ہونا شہریت کا پیمانہ ہے۔

ایس آئی آر سے جو انتشار پھیلا ہے وہ بیان سے باہر ہے۔ ایک گھر میں ایک خاندان کے درمیان کوئی ووٹ دے سکتا ہے اور کوئی نہیں دے سکتا ہے۔ اخباروں میں خبریں آ رہی ہیں اور سرگوشی بھی سنائی دے رہی ہے کہ جن کے نام نہیں چڑھے وہ الیکشن کے دن لازمی دستاویزیں لے کر اپنے پولنگ بوتھ جائیں گے اور پریسائیڈنگ افسر Presiding (Officer) سے اجازت طلب کریں گے کہ ان کو ووٹ دینے دیا جائے۔ جوکھم اُٹھانے سے کیا فایدہ۔ یہ خطرہ نہ مولنا ہی بہتر ہے۔ یہ ایک فضول اور ناکام کوشش ہوگی۔ اول اس لیے کہ گیٹ پر تعینات حفاظتی دستہ ان کو اندر جانے نہیں دے گا اور بالفرض وہ جانے میں کامیاب ہو گئے تو الیکشن افسر اسے نکال باہر کرے گا۔ یہ اس کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے کہ وہ کسی کو ووٹ دینے کی اجازت دے۔ وہ کون ہوتا ہے یہ حق دینے والا۔ فہرست سے باہر کوئی ووٹ نہیں دے سکتا۔ یہ ناجائز اور غیر قانونی ہے۔

ہندوستان کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ ایک نامکمل لسٹ پر قانون ساز اسمبلی کا انتخاب ہو رہا ہے۔ یہ ذمہ داری مرکزی الیکشن کمیشن کی ہے کہ انتخابی فہرست کو صحیح وقت پر تیار کرے تاکہ ووٹ میں خلل نہ پڑے۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ بے شمار لوگ تقریباً 27 لاکھ مستحق رائے دہندگان اپنے جمہوری اور دستوری حق سے محروم ہیں۔ بنگال کے ایس آئی آر پر سابق چیف الیکشن کمشنر (CEC) یعقوب قریشی اور مشہور صحافی کرن تھا پر کے درمیان بات چیت کا ڈیڑھ منٹ کا ایک کلپ (Clip) سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔ اس کے مطابق مستحق کو ووٹ کے حق سے محروم کرنا جمہوریت پر حملہ اور دستور مخالف ہے۔ قریشی صاحب نے دستور کے دفعہ 326 کے حوالے سے یہ کہا کہ ووٹ دینا دستوری حق (Constitutional Right) اور انتخابی فہرست میں نام اندراج کرانا دستوری ذمہ داری (Constitutional Obligation) ہے۔ اگر ووٹر کے نام کے اندراج کو لے کر کوئی قانونی سوال کھڑا ہوا ہو تو اس کو نپٹانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ جب تک یہ نپٹ نہ جائے وہ ووٹر رہے گا اور اس کا حق باطل نہیں ہوسکتا۔ اس نکتہ نظر سے دیکھا جائے تو جن کے نام نہیں آئے وہ اب بھی ووٹر ہیں۔ آج 13 اپریل کو اس معاملے پر سپریم کورٹ میں بحث ہے۔ سب کی نگاہیں وہیں لگی ہیں۔

# مغربی ایشیا: دنیا تصادم کے دہانے پر

مغربی ایشیا اس وقت ایک ایسے تزویراتی موڑ پر ہے جہاں سے اٹھنے والے جنگ کے بادل پوری دنیا کو ایک ہمہ گیر تصادم کے دہانے پر لے آئے ہیں۔ ایران اور امریکہ۔ اسرائیل کے درمیان جاری جنگ پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرش کا حالیہ انتباہ کہ "دنیا ایک بڑی جنگ کے دہانے پر ہے"، عالمی سلامتی کے لیے ایک حتمی خطرے کی گھنٹی ہے۔ بین الاقوامی طاقتوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ اس خطے میں استحکام محض علاقائی ضرورت نہیں بلکہ عالمی معیشت کی شہ رگ ہے۔ شہریوں اور بنیادی ڈھانچے پر ہونے والے اندھا دھند حملے نہ صرف انسانی حقوق کی پامالی ہیں بلکہ ان سے وہ عالمی سپلائی چینز بھی متاثر ہو رہی ہیں جن پر توانائی درآمد کرنے والے ممالک کا انحصار ہے۔ گوتیرش کے مطابق، جب آبنائے ہرمز جیسے حساس راستوں کا گلا گھونٹا جاتا ہے، تو اس کا براہ راست اثر دنیا کے غریب ترین طبقوں کی سانسوں پر پڑتا ہے۔ موجودہ بحران کا حل صرف اس صورت میں ممکن ہے جب بین الاقوامی برادری اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قانون کو اپنی واحد بنیاد تسلیم کرے۔ کسی بھی پائیدار حل کے لیے ریاستوں کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور خاص طور پر ایران سمیت تمام فریقین کی جوہری تنصیبات کا تحفظ بنیادی شرط ہے۔

علاوہ ازیں، عالمی قیادت کو تشدد کے فوری خاتمے اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر جنگ بندی کی کوششیں تیز کرنی ہوں گی۔ سفارتی ذرائع سے تنازعات کے حل کو ترجیح اور اشتعال انگیزی سے گریز کرنا ہوگا اور عالمی معاشی مفادات کو علاقائی جنگی جنون پر بھینٹ چڑھانے سے روکنا ہوگا۔

**قیامِ امن کے لیے سفارتی کوششیں**

جنگ کی انتہائی سنگین صورتحال کے پیش نظر سفارت کاری محض ایک آپشن نہیں بلکہ عالمی بقا کا واحد راستہ ہے۔ اس صورتحال نے اقوام متحدہ کے سربراہ کو مجبور کیا ہے کہ وہ روایتی بیانات سے ہٹ کر ہنگامی سفارتی مداخلت کا راستہ اختیار کریں۔ لہٰذا، سیکرٹری جنرل گوتیرش نے ژاں آرنو کو اپنا ذاتی ایلچی مقرر کیا ہے تاکہ وہ خطے میں قیام امن کے لیے جاری کوششوں کی براہ راست قیادت کر سکیں۔ سلامتی کونسل کے اجلاس میں اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل خالد خیری نے واضح کیا کہ مغربی ایشیا خطرناک ترین موڑ پر ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ امریکہ اور اسرائیل اس جنگ کو فوری طور پر بند کریں جو عالمی معیشت اور انسانیت کے لیے زہر قاتل بن چکی ہے۔ ایران پڑوسی ممالک (بحرین، کویت، عمان، قطر، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور اردن) پر حملے فوری طور پر بند کرے۔

**انسانی بحران اور جبری نقل مکانی**

انسانی بحران کے اعداد و شمار محض خشک شماریات نہیں بلکہ بکھری ہوئی زندگیوں اور تباہ شدہ مستقبل کے نوحے ہیں۔ اقوام متحدہ کے امدادی رابطہ کار ٹام فلیچر کے مشاہدات اس انسانی المیے کی سنگینی کو واضح کرتے ہیں، جہاں لاکھوں لوگ محض اپنی جان بچانے کی خاطر "خالی ہاتھ" ہجرت پر مجبور ہیں۔ لبنان اور اسرائیل کے درمیان جاری تصادم نے 10 لاکھ سے زائد لبنانیوں کو بے گھر کر دیا ہے۔ شہری انفراسٹرکچر کی دانستہ تباہی نے نہ صرف پناہ گاہوں کو ختم کیا ہے بلکہ ایک پوری نسل کو سماجی اور معاشی طور پر مفلوج کر دیا ہے۔ ایک لاکھ 80 ہزار شامی شہری، جو پہلے لبنان میں پناہ گزین تھے، اب جنگ کے خوف سے دوبارہ غیر مستحکم شام کی طرف لوٹنے پر مجبور ہیں۔ 25 ہزار لبنانی پناہ گزین سرحد پار کر کے شام میں پناہ کی تلاش میں ہیں۔ یہ جبری نقل مکانی عالمی سطح پر وسائل کی تقسیم اور سماجی استحکام کے لیے ایک نیا چیلنج بن چکی ہے۔

**توانائی کی سلامتی اور آبنائے ہرمز**

عالمی معیشت کی معدنی ایندھن سے جڑی وابستگی اب ایک ماحولیاتی خطرے سے بڑھ کر "قومی سلامتی کا بحران" بن چکی ہے۔ تزویراتی طور پر، یہ حقیقت اب روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ توانائی کے لیے ایسے خطوں پر انحصار کرنا جو مستقل مسلح تنازعات کی زد میں ہوں، عالمی معیشت کو خودکشی کی طرف لے جانے کے مترادف ہے۔

آبنائے ہرمز، جہاں سے دنیا کی 20 فیصد تیل اور گیس کی ترسیل ہوتی ہے، اب ایک جنگی زون میں تبدیل ہو چکا ہے۔ ایران، امریکہ اور اسرائیل کی کشیدگی نے اس راستے کو جہاز رانی کے لیے غیر محفوظ بنا دیا ہے، جس کے نتیجے میں برینٹ خام تیل کی قیمتیں عالمی منڈیوں کو لرزا رہی ہیں۔ اقوام متحدہ سربراہ کے مطابق، توانائی کی منتقلی اب محض ایک "گرین" ایجنڈا نہیں بلکہ ایک "سیکورٹی تقاضہ" ہے۔ دنیا کو اپنی خودمختاری برقرار رکھنے کے لیے فوری طور پر قابل تجدید توانائی (شمسی، ہوائی اور آبی) کی طرف منتقل ہونا ہوگا تاکہ قومی معیشتوں کو بیرونی جنگی اثرات سے علیحدہ کیا جا سکے۔

**غذائی تحفظ کا بحران**

توانائی اور خوراک کا باہمی ربط ترقی پذیر ممالک کے لیے ایک مہلک جال بن چکا ہے۔ جب توانائی کی قیمتیں بڑھتی ہیں، تو کھاد، پیداوار اور نقل و حمل کی لاگت میں اضافہ براہ راست غریب ترین ممالک کی غذائی سیکورٹی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (ایف اے او) کے مطابق، دنیا کے 17 غریب ترین ممالک اس وقت ایک "ناقابل حل معاشی شکنجے" میں پھنس چکے ہیں۔ ان ممالک کی اناج کی ضروریات کا 30 فیصد سے زائد حصہ درآمدات پر مبنی ہے، جبکہ ان کی برآمدی آمدن کا نصف سے زیادہ حصہ صرف خوراک خریدنے میں صرف ہو جاتا ہے۔ بیرونی قرضوں کے بوجھ نے ان ممالک کے ہاتھ پاؤں باندھ دیے ہیں، جس کی وجہ سے وہ ایندھن کی قیمتوں کے اس جھٹکے کو سہنے کی سکت نہیں رکھتے۔

برینٹ خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کا تباہ کن سلسلہ جاری ہے اور غریب گھرانے مہنگے ایندھن سے تنگ آ کر دوبارہ کوئلے اور لکڑی کی طرف رجوع کر رہے ہیں۔ اس عمل سے شدید ماحولیاتی بگاڑ اور صحت کے مسائل جیسے طویل المدتی نقصان ہوں گے۔

**توانائی کی بچت کے لیے سخت اقدامات**

تزویراتی لچک کا تقاضہ ہے کہ ریاستیں بحرانی صورتحال میں اپنی بقا کے لیے فوری اور سخت اقدامات کریں۔ ایشیا اور افریقہ کے کئی ممالک نے اس معاشی جنگ میں زندہ رہنے کے لیے ہنگامی اقدامات اپنائے ہیں، جو اس بات کا ثبوت ہیں کہ توانائی کی بچت اب ایک قومی سلامتی کی پالیسی بن چکی ہے۔ بنگلہ دیش، کمبوڈیا، ایتھوپیا، میانمار اور سینیگال جیسے ممالک ایندھن کی بچت اور بقا کے لیے کفایت شعاری مہم اور ایندھن کے محدود و موثر استعمال کی ترغیب دے رہے ہیں۔ ساتھ ہی پبلک ٹرانسپورٹ کا فروغ، ملازمین کی شفٹیں، ٹیکسوں میں کمی اور سبسڈیز کی فراہمی جیسے اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔

**انتخاب کا وقت: باہمی بقا یا معاشی تباہی**

مغربی ایشیا کا یہ تنازع اس حقیقت کا عکاس ہے کہ جدید دور کی جنگیں کسی جغرافیائی قید میں نہیں رہتیں۔ خلیج فارس میں ہونے والی ایک عسکری کارروائی جنوبی ایشیا کے کسان کی لاگت اور افریقہ کے غریب گھرانے کے دسترخوان کا فیصلہ کرتی ہے۔ عالمی قیادت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ معاشی استحکام اور انسانی بقا کا راستہ بین الاقوامی قانون کی غیر مشروط پاسداری میں پنہاں ہے۔ تنازعات کبھی خود بخود ختم نہیں ہوتے؛ ان کا خاتمہ تب ہوتا ہے جب قائدین تباہی کے اوپر مذاکرات کو ترجیح دیتے ہیں۔ آج کا انتخاب سادہ مگر سنگین ہے: یا تو ہم بین الاقوامی چارٹر کے سائے میں مشترکہ بقا کا راستہ اختیار کریں، یا پھر ایک ایسی عالمی معاشی تباہی کے لیے تیار ہو جائیں جس کی قیمت نسلیں چکائیں گی۔

☆

# امریکہ۔ ایران مذاکرات کسی معاہدے کے بغیر ختم: وینس



اسلام آباد، 12 اپریل (یو این آئی) ایران نے امریکہ کے تجویز کردہ معاہدے کی شرائط کو مسترد کر دیا ہے اور امریکی وفد کسی معاہدے کے بغیر واپس جا رہا ہے، یہ بات امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے اسلام آباد میں مذاکرات کے بعد کہی۔
وینس نے صحافیوں کو بتایا کہ انہوں نے ہماری شرائط کو قبول نہ کرنے کا انتخاب کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کے لیے کلیدی معاملہ یہ تھا کہ آیا ایران ایٹمی ہتھیار تیار نہ کرنے کے حوالے سے طویل مدتی عہد کرنے کے لیے تیار ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوال بہت آسان ہے کہ کیا ہم ایرانیوں کی جانب سے ایٹمی ہتھیار تیار نہ کرنے کا بنیادی ارادہ دیکھتے ہیں - نہ صرف ابھی، نہ صرف اب سے دو سال بعد، بلکہ طویل مدت کے لیے؟ ہم نے ابھی تک اسے نہیں دیکھا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ہم دیکھ لیں گے۔
وینس نے اسے امریکی صدر کا ایک "بنیادی مقصد" قرار دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ ایران کا جوہری پروگرام "تباہ" ہو چکا ہے، لیکن مستقبل میں ایٹمی ہتھیاروں کی کسی بھی قسم کی تیاری کو روکنے کے لیے ایک واضح اور دیرپا عزم کی اب بھی ضرورت ہے۔
مسٹر وینس نے کہا کہ اگرچہ "متعدد ٹھوس بات چیت" ہوئی تھی، لیکن کسی معاہدے تک پہنچنے میں ناکامی "امریکہ کے مقابلے میں ایران کے لیے زیادہ بری خبر ہے"۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکہ کی جانب سے پیش کی گئی تجویز اس کی "آخری اور بہترین پیشکش" تھی۔
مسٹر وینس نے کہا کہ ہم نے یہ بالکل واضح کر دیا ہے کہ ہماری سرخ لکیریں کیا ہیں، کن چیزوں پر ہم ان کے ساتھ تعاون کرنے کو تیار ہیں اور کن چیزوں پر ہم سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں ہیں اور انہوں نے مزید کہا کہ ایرانی فریق نے ان شرائط کو قبول نہ کرنے کا انتخاب کیا۔ امریکی وفد اب کسی معاہدے کے بغیر ملک واپس جا رہا ہے۔

# اسرائیلی وزیراعظم کی ایران جنگ بندی سے متعلق بیان پر ترک صدر کو دھمکی



تل ابیب، 12 اپریل (یو این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نے ترک صدر کو امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والی جنگ بندی سے متعلق ان کے حالیہ بیان پر سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔
اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے ہفتے کے روز ترک صدر رجب طیب اردوان کو امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والی جنگ بندی سے متعلق ان کے حالیہ بیان پر سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ اسرائیل ایران اور اس کے علاقائی ہم نواؤں کے خلاف اپنی لڑائی جاری رکھے گا۔
رواں ہفتے کے آغاز میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے معاہدے کے فوراً بعد، صدر اردوان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ممکنہ اشتعال انگیزی اور تخریب کاری کے بارے میں خبردار کیا تھا جو اس معاہدے کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ تاہم انہوں نے یہ واضح نہیں کیا تھا کہ اس معاہدے کو کس سے خطرہ ہو سکتا ہے۔
نیتن یاہو نے ترک صدر کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ میری قیادت میں اسرائیل ایران کی دہشت گرد حکومت اور اس کے حواریوں کے خلاف لڑنا جاری رکھے گا، برخلاف اردوان کے جو انہیں پناہ دیتے ہیں اور اپنے ہی کرد شہریوں کا قتل عام کرتے ہیں۔
صدر ٹرمپ کے ساتھ اپنی ٹیلیفونک گفتگو کے دوران اردوان نے اس بات پر بھی زور دیا تھا کہ کسی بھی صورت میں اس جنگ بندی پر سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے اور کہا کہ ترکیہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنا بھرپور تعاون فراہم کرے گا۔ ترکیہ، جو اسرائیل کا سخت ترین ناقد ہے، مصر اور پاکستان کے ساتھ مل کر اس تنازع میں جنگ بندی کے لیے کی جانے والی سفارتی کوششوں کا حصہ رہا ہے۔
بعد ازاں اسرائیلی وزیر دفاع یوآو گیلنٹ نے بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اردوان پر کڑی تنقید کرتے ہوئے انہیں "کاغذی شیر" قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اردوان جنہوں نے اپنی سرزمین پر ایرانی میزائل حملوں کا جواب نہیں دیا اور ایک کاغذی شیر ثابت ہوئے، اب وہ سامی دشمنی کی طرف بھاگ رہے ہیں
اسرائیلی وزیر دفاع کا مزید کہنا تھا کہ یہ کتنی مضحکہ خیز بات ہے۔ اخوان المسلمون سے تعلق رکھنے والا شخص جس نے کردوں کا قتل عام کیا، وہ اسرائیل پر نسل کشی کا الزام لگا رہا ہے جو اپنے حماس کے اتحادیوں کے خلاف اپنا دفاع کر رہا ہے۔ اسرائیل اپنی طاقت اور عزم کے ساتھ اپنا دفاع جاری رکھے گا اور بہتر ہوگا کہ اردوان خاموش رہیں۔
☆

# آبنائے ہرمز میں ہائی ڈرامہ: دو بحری جہازوں کا پراسرار یوٹرن

نیویارک، 12 اپریل (یو این آئی) آبنائے ہرمز کو عبور کرنے کی کوشش کے دوران دو جہازوں کو اچانک واپس مڑنا پڑ گیا۔ امریکی نیوز ایجنسی بلومبرگ نے رپورٹ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے دو آئل ٹینکرز واپس مڑ گئے ہیں، شپنگ ڈیٹا کے حوالے سے بتایا گیا کہ آبنائے ہرمز کو عبور کرنے کی کوشش کے دوران دو جہازوں کو اچانک روکا گیا، جس کے بعد وہ واپس مڑ گئے۔ واضح رہے کہ امریکی سینٹکام نے ہفتہ کے روز دعویٰ کیا ہے کہ اس کے دستے آبنائے ہرمز کو بارودی سرنگوں سے پاک کرنے کا عمل شروع کر چکے ہیں تاکہ اسے محفوظ سفر کے لیے تیار کیا جاسکے۔ امریکی فوج کے مطابق دو امریکی جہاز اس سلسلے میں آبنائے ہرمز سے گزرے ہیں جو خلیجی ملکوں سے تیل اور گیس کی برآمد کے لیے ایک اہم تجارتی شاہراہ کا درجہ رکھتی ہے۔ تاہم ایران کے خاتم الانبیا ہیڈ کوارٹرز کے ترجمان ابراہیم ذوالفقاری نے سینٹکام کے بیان کی تردید کر دی ہے اور کہا ہے کہ آبنائے ہرمز پر اب بھی ایران کا کنٹرول ہے اور امریکی فوج کا امریکی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کا دعویٰ جھوٹا ہے۔
امریکی فوج کے سنٹرل کمانڈ کی طرف سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم X پر لکھا گیا تھا کہ امریکا کا جہاز فرینک پیٹرسن اور مائیکل مرفی آبنائے ہرمز سے گزرے ہیں۔ ان کا یہ گزرنا ایک بڑے آپریشن کے مقاصد کے حوالے سے ہے۔ تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ آبنائے ہرمز اب بارودی سرنگوں سے مکمل طور پر پاک ہو گئی ہے۔

# بیجنگ کا بڑا سرپرائز، چین نے تائیوان کے لیے مراعات کا پٹارہ کھول دیا

بیجنگ، 12 اپریل (یو این آئی) چین نے اپوزیشن لیڈر کے دورے کے بعد تائیوان کو 10 بڑی مراعات کی پیشکش کر دی ہے۔ بیجنگ نے تائیوان کی سب سے بڑی اپوزیشن جماعت (کے ایم ٹی) کی چیئر وومن چینگ لی ون کے دورہ چین کے بعد تائیوان کو بڑی مراعات کی پیشکش کر دی ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق بیجنگ کا یہ اقدام تائیوان کی اپوزیشن لیڈر کے دورہ چین کے اختتام پر سامنے آیا ہے۔ اس دورے میں چینگ لی ون نے چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات کی اور امن و مفاہمت کی ضرورت پر بات کی۔ رپورٹ کے مطابق چین نے تائیوان کے لیے جس 10 نئی مراعات کی پیشکش کی ہے۔ ان میں سیاحوں پر پابندیوں میں نرمی، مثبت ٹیلی وژن ڈراموں کی اجازت، کھانے کی فروخت میں سہولت کی فراہمی جیسے اقدامات شامل ہیں۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی ژنہوا کے ذریعہ منظر عام پر آنے والے 10 نکاتی نئی پیشکش میں کے ایم ٹی اور چین کی کمیونسٹ پارٹی کے درمیان ایک باقاعدہ مواصلاتی طریقہ کار کے قیام، دونوں فریقوں کے درمیان پروازوں کی مکمل بحالی، شنگھائی اور فوجیان صوبے کے افراد کو تائیوان جانے کی اجازت دینا ہے۔
ژنہوا نے کہا کہ خوراک اور ماہی گیری کی مصنوعات کے لیے معائنہ کے معیار کو آسان بنانے کے لیے ایک طریقہ کار قائم کیا جائے گا، لیکن یہ "تائیوان کی آزادی کی مخالفت" کی سیاسی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ اس میں مزید کہا گیا کہ تائیوان کے ٹی وی ڈراموں، دستاویزی فلموں اور اینیمیشن کو اس وقت تک دکھانے کی اجازت ہوگی جب تک کہ ان میں "صحیح واقفیت، صحت مند مواد اور اعلیٰ پروڈکشن کوالٹی" ہو۔ چین کی اس پیشکش پر تائیوان کی حکومت کی طرف سے فوری طور پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔

# لبنانی وزیراعظم کا دورہ امریکہ اچانک ملتوی، بیروت سے واشنگٹن تک ہلچل



بیروت، 12 اپریل (یو این آئی) لبنان کے وزیراعظم نواف سلام نے اچانک امریکہ کا دورہ ملتوی کر دیا ہے۔ لبنان کے وزیر اعظم نواف سلام نے اعلان کیا ہے کہ وہ اگلے ہفتے امریکا اور اقوام متحدہ کے اپنے طے شدہ دورے کو مؤخر کر رہے ہیں، انھوں نے یہ اطلاع سوشل میڈیا پوسٹ میں دی۔ نواف سلام نے لکھا موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر سفر فی الحال مؤخر کیا ہے، اور وہ بیروت میں ہی رہیں گے تاکہ اپنے ملک کی موجودہ سیکیورٹی صورت حال سے نمٹنے کے لیے حکومتی اقدامات کی نگرانی کر سکیں۔ انھوں نے واضح کیا کہ یہ فیصلہ حکومتی امور کی براہ راست نگرانی اور ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کیا گیا تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے ادا کر سکیں۔ لبنانی حکام کا کہنا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے براہ راست مذاکرات کے اشارے کے بعد وزیراعظم نواف سلام واشنگٹن اور یو این ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کرنے والے تھے۔ یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب لبنان میں کشیدگی بڑھ رہی ہے، خاص طور پر اسرائیل کی جانب سے حزب اللہ کے خلاف جاری حملوں کے باعث صورت حال مزید خراب ہو رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی امریکا، اسرائیل اور لبنان کے حکام کے درمیان ایک اہم فون کال بھی ہوئی، جس میں اگلے ہفتے واشنگٹن میں ہونے والے ممکنہ مذاکرات کی تیاری پر بات کی گئی۔

# ایران نے تنصیبات کی جاسوسی کرنے کے الزام میں 50 جاسوس کو گرفتار کر لیا



تہران، 12 اپریل (یو این آئی) ایرانی حکام نے مبینہ طور پر "کرائے کے سپاہی" کے طور پر سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے الزام میں کم از کم 50 افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی ایس این این کے مطابق ملزمان پر امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ تعاون کرنے اور حساس مقامات بشمول سروس سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی معلومات فراہم کرنے کا الزام ہے۔ ایرانی میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکام نے ان کے قبضے سے الیکٹرانک آلات، سیٹلائٹ آلات اور اسلحہ بھی برآمد کیا ہے۔ ایران میں حالیہ تنازع کے دوران جاسوسی کے الزامات میں درجنوں افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے، جبکہ گزشتہ سال امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ 12 روزہ جنگ کے بعد بھی بڑے پیمانے پر گرفتاریاں عمل میں لائی گئی تھیں۔ واضح رہے کہ ایران کے حال ہی میں نافذ کیے گئے سخت جاسوسی قوانین کے تحت جاسوسی کے ملزمان کو سزائے موت اور جائیداد کی ضبطگی جیسی سخت سزاؤں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

# سعودی عرب کی ایسٹ ویسٹ آئل پائپ لائن بحال ہوگئی، سعودی وزارت توانائی



ریاض، 12 اپریل (یو این آئی) سعودی وزارت توانائی کا کہنا ہے کہ ایسٹ ویسٹ آئل پائپ لائن بحال ہوگئی ہے۔ سعودی وزارت توانائی کے مطابق پائپ لائن سے 70 لاکھ بیرل یومیہ تیل کی ترسیل بحال ہوگئی ہے، منیفہ آئل فیلڈ میں 3 لاکھ بیرل یومیہ پیداوار بھی بحال ہوئی، خریص فیلڈ میں پیداواری صلاحیت کی بحالی کیلئے کام جاری ہے۔ سعودی عرب میں 98 آکٹین پیٹرول کی قیمت میں اضافہ ہوگیا، سعودی میڈیا کے مطابق 98 آکٹین پیٹرول کی قیمت 2.94 ریال سے بڑھاکر 3.83 ریال کردی گئی، سعودی عرب میں 91 آکٹین پیٹرول کی قیمت 2.18 ریال اور 95 آکٹین پیٹرول کی قیمت 2.33 ریال پر برقرار ہے۔

# ایران نے امریکہ کے تجویز کردہ معاہدے کو مسترد کیا: وینس

واشنگٹن، 12 اپریل (یو این آئی) ایران نے امریکہ کے تجویز کردہ معاہدے کی شرائط کو تسلیم نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، یہ بات امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے بتائی جنہوں نے اسلام آباد میں ہوئے مذاکرات میں امریکی وفد کی قیادت کی۔ وینس نے مذاکرات کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے (ایرانی فریق نے) ہماری شرائط کو قبول نہ کرنے کا انتخاب کیا ہے۔

# نیتن یاہو اور ان کی حکومت کو گھر بھیجنے کا وقت آگیا ہے، اسرائیلی رہنما



تیل ابیب، 12 اپریل (یو این آئی) سابق اسرائیلی نائب چیف آف اسٹاف یائیر گولان نے کہا ہے کہ نیتن یاہو دباؤ میں ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نیتن یاہو جانتے ہیں کہ جنگ کے مقاصد حاصل نہیں ہوئے، فاتح کو اپنی جیت کا اعلان دہرانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ سابق اسرائیلی نائب چیف آف اسٹاف نے کہا کہ نیتن یاہو اور ان کی حکومت کو گھر بھیجنے کا وقت آگیا ہے۔

# امریکی وزیر خارجہ کا معصومہ ابتکار کے بیٹے کا ویزا منسوخ کرنے کا اعلان

واشنگٹن، 12 اپریل (یو این آئی) امریکی وزیر خارجہ نے معصومہ ابتکار کے بیٹے کا ویزا منسوخ کرنے کا اعلان کر دیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے اپنے بیان میں کہا اس ہفتے میں نے ان کی مستقل رہائش کی حیثیت ختم کر دی، وہ آئی سی ای کی تحویل میں ہیں اور انہیں ملک بدر کیا جائے گا۔ مارکو روبیو اوباما انتظامیہ نے سید عیسیٰ ہاشمی کے خاندان کو امریکی ویزا جاری کیا، معصومہ ابتکار ایران کی سابق نائب صدر رہ چکی ہیں۔

# لبنان پر اسرائیلی حملے جاری، وحشیانہ بمباری سے درجنوں اموات، انسانی بحران سنگین ہو گیا



بیروت، 12 اپریل (یو این آئی) لبنان میں اسرائیلی فضائی حملوں کا سلسلہ تا حال جاری ہے اور مختلف علاقوں میں تازہ حملوں کے نتیجے میں متعدد افراد جاں بحق ہو گئے ہیں، جس سے خطے میں انسانی بحران مزید سنگین ہوتا جا رہا ہے۔
لبنان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق جنوبی لبنان کے ضلع صور کے قصبے معروب میں اسرائیلی حملے کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ اسی طرح جنوبی قصبے قانا میں بھی ایک حملے میں 5 افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ہے۔
رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فضائی کارروائیاں دیگر علاقوں تک بھی پھیل گئیں، جن میں البازوریہ، قلیلا، بفلیہ اور قلاویہ شامل ہیں، جہاں متعدد حملے کیے گئے۔ لبنانی ذرائع کے مطابق گزشتہ رات قصبہ تفاحتہ پر کیے گئے ایک حملے میں کم از کم 13 افراد جاں بحق ہوئے۔ اس کے علاوہ جنوبی لبنان کے دیگر علاقوں جیسے کفرہ، حاریص، رشاف اور سریبین میں بھی اسرائیلی فضائی حملوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔
تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ مسلسل حملوں کے باعث لبنان میں سیکیورٹی صورتحال بدستور کشیدہ ہے، جبکہ شہری آبادی کو شدید خطرات لاحق ہیں اور ہلاکتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔

# ہیٹی کے سیاحتی مقام پر بھگدڑ مچنے سے 30 افراد ہلاک

پورٹ او پرنس، 12 اپریل (یو این آئی) ہیٹی کے ایک سیاحتی مقام تاریخی قلعے سٹیڈیل لافیریئر پر میں سالانہ جشن کے دوران بھگدڑ کے نتیجے میں 30 افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔
میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ ہیٹی کے ایک تاریخی قلعے میں پیش آیا جہاں سیاحوں کا بہت بڑا ہجوم جمع تھا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق بھگدڑ اچانک مچی جس کے نتیجے میں کم از کم 30 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے ہیں۔
بھگدڑ مچنے کی ممکنہ وجوہات کے حوالے سے ابھی مکمل تحقیقات جاری ہیں۔ مقامی حکام اور ریسکیو ٹیموں نے زخمیوں کو فوری اسپتال منتقل کر دیا ہے جبکہ علاقے کو خالی کروا کر صورتحال پر قابو پایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ کسی بھی مقام پر بھگدڑ مچنے کی عام وجوہات میں ہجوم کا بے قابو ہونا، سیکیورٹی یا انتظامی ناکامی، کسی افواہ یا خطرے کی اطلاع وغیرہ شامل ہوتی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ ایمرجنسی ٹیمیں جائے وقوعہ پر امدادی کاموں میں مصروف ہیں۔ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ہلاکتوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے کیونکہ کئی زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے۔ قلعے کی گنجائش سے زیادہ لوگوں کی موجودگی اور خراب موسم کو اس حادثے کی بنیادی وجہ قرار دیا جا رہا ہے۔

